بقیہ 1

کی معاشی بدحالی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے حکومتی فیصلے پر سخت تنقید کرتے ہے پٹرول کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافے سے عوام زندہ درگور ہو گئے حکومت عوام پر ترس کھائے 3 ماہ میں 6 بار سے زیادہ سے پیٹرولیم مصنوعات (ار گیس بجلی کی قیمتوں مسلسل اضافہ کیا گیا تاجر برادری وزیر اعظم کے فیصلے پر شدید افسوس کا اظہار کرتے ہے پیٹرول کی قیمتوں میں فی لیٹر 60 روپے ڈیزل کے اور مٹی کے تیل میں بے پناہ اضافہ ظالم، جھوٹی اور کرپٹ حکومت کا ظالمانہ اقدام ہے، حکومت کے خاتمے تک مہنگائی کا ظلم ختم نہیں ہوگا، عوام کو مہنگائی کی سزا دینے والی حکومت سے نجات حاصل کرنا ہوگی، وزیر اعظم کے ہر فیصلے سے مہنگائی بڑھتی ہے اور عوام کی تکلیف میں مزید اضافہ ہوتا ہے پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے دیگر اشیا بھی مہنگی ہوں گی۔ وزیر اعظم پاکستان سے مطالبہ ہے کہ IMF سے معاہدہ ختم کرکے اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکے IMF سے معاہدہ پچھلی حکومت کی اقدام غلط فیصلہ تھا جس کی وجہ سے آج پٹرول ڈیزل مٹی کا تیل اور گیس کی قیمتوں سے تاجر برادری اور عوام شدید مالی پریشانی دوچار، ہے آئی ایم ایف سے معاہدہ ختم کیا جائے جب تک آئی ایم ایف سے معاہدہ ختم نہیں ہوگا اس وقت تک ملک میں انتشار بڑھے گا اور کاروباری حالات مزید خراب ہوگا تاجر برادری کا مطالبہ ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والا اضافہ فوری واپس لیا جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ حیرت اس بات پر ہے کہ اوگرا کی جانب سے اضافے کی جو سمری ارسال کی گئی تھی اس سے بھی زائد اضافہ کیا گیا ہے جو ملکی تاریخ میں کبھی ایسا نہیں ہوا۔ عوام پہلے ہی مہنگائی کی بڑھتی ہوئی شرح کا سامنا کر رہے ہیں اور ان کی قوت خرید ختم ہو چکی ہے۔ پٹرول میں اضافے سے غریب و متوسط طبقے کی عوام سے روٹی کا نوالہ چھینا گیا ہے۔ حکومت ہر پندرہ دن کے بعد پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کرکے غریب اور متوسط طبقے کے عوام پر بلواسطہ بھاری ٹیکس عائد کر رہی ہے عوام کو مہنگائی کی سزا دے رہی ہے حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں نہیں بلکہ ملک میں غربت، مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافہ کیا ہے صرف اور صرف پٹرول کی قیمت نہیں بڑھی، بلکہ آٹا، چینی، بجلی، گیس، دوائی، سبزی، دال، گھی کی قیمت بڑھ گئی ہے، وزیر اعظم کے ہر فیصلے سے مہنگائی بڑھتی ہے اور عوام کی تکلیف میں مزید اضافہ ہوتا ہے حکومت نے صرف مہنگائی بڑھائی ہے، موجودہ حکومت عوام کی سفید پوشی کی چادر چھینے پر تلی ہوئی ہے جس کی وجہ سے تاجر برادری سخت سے سخت فیصلہ کرنے پر مجبور ہو رہی ہیں جس سے حکومت چلانا ان کے لیے مشکل ہو جائے گا۔

بقیہ 2

[illegible]

## عوامی اشتہارات

**IMROZ CLASSIFIED**

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں 3 دن میں ہمیں اپنی شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

## تلاش گمشدہ

میرا پاکٹ پرس ڈسٹرکٹ کورٹ کچہری میں گر کر گم ہو گیا ہے جس میں میرا اصل شناختی کارڈ نمبر 54302-5220743-3 بنام عطاء الحق ولد مولوی نور محمد اور میری بہن کا شناختی کارڈ نمبر 54302-9986913-8 بنام بی بی عیسیٰ رحیمہ موجود ہیں، جس کسی کو ملے برائے مہربانی اس نمبر 0337-0332499 پر اطلاع دیں۔

المشتہر: عطاء الحق ولد مولوی نور محمد


## بقیہ 1

ہو گئے اور یہ کہتے ہوئے کہ یہ کاغذ کا ٹکڑا فریب عوام کو کیا دے گا بجٹ کی کاپی پھاڑ ڈالی۔ سینیٹر فیصل جاوید نے کہا کہ خدا کے لیے اس ملک پر ظلم نہ کریں، حکومت سے پوچھتا ہوں غریب کو کیا ملا، یہاں تو تقریریں کی جاتیں اور ٹاک شوز میں کھیلا جاتا ہے لیکن جب سستی ہوگی روٹی اور منہگی ہوگی جان کب آئے گا ایسا پاکستان؟ رد الملت کا کامیاب ہونا ہی سازش ہے اور ان فیصلوں میں ایم کیو ایم سمیت ساری اتحادی جماعتیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کا جینا مرنا پاکستان میں ہے لیکن حکمرانوں کی اکثریت کے بیرون ملک اثاثے ہیں وہ اپنے اثاثے بیچیں اور پیسہ واپس پاکستان لے آئیں تو ہم قومی اسمبلی میں واپس آنے کو تیار ہیں۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ لگتا ہے اس حکومت کا یہ آخری بجٹ ہے، قوم الیکشن چاہتی ہے، موجودہ صورتحال پی ٹی آئی کیلئے سیاسی طور پر اچھی ہے لیکن ملک کیلئے اچھی نہیں، صرف عوام کے ووٹوں اور اعتماد سے آنے والی حکومت معیشت بہتر کرے گی، چاہے وہ تحریک انصاف کی حکومت ہو یا کسی بھی پارٹی کی حکومت ہو۔

